الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے پارلیمانی وفد نے پریڈلین مسجد میں دہشت گردی کی کارروائی میں شہید ہونے والوں کی یادگار پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھائی

راولپنڈی۔۔۔7،دسمبر2009ء

قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی وفد نے پیرکو پریڈلین مسجد میں دہشت گردی کی کاروائی میں شہید ہونیوالوں کی یادگار پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔وفد کی سربراہی قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدرعباس رضوی نے کی جبکہ وفد میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی عبدالوسیم ،خواجہ سہیل منصور،ڈاکٹر ندیم احسان ،محترمہ خوش بخت شجاعت ،محترمہ فوزیہ اعجاز،محترمہ شگفتہ صادق اورایم کیوایم اسلام آباد کے آرگنائزرزاہدملک شامل تھے۔وفد نے شہداء کی یادگار پر کچھ دیر کیلئے خاموشی اختیار کی اورشہداء کے درجات کی بلندی اورزخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعابھی کی۔اس موقع پر قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدرعباس رضوی نے کہا کہ دہشت گرد بلاتفریق پاکستانی قوم کونشانہ بنارہے ہیں جس سےان کے عزائم واضح ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم متحد ہوکر آگے بڑھے گی اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔